انٹرنیشنل کانفرنس برائے روایتی و متبادل ادویہ منعقدہ ہوٹل راڈیسن بلیو پلازا بنجارہ ہلز میں منعقدہ پوسٹر مقابلہ میں ڈاکٹر اطہر معین رشیدہ، میڈیکل آفیسر گورنمنٹ یونانی ڈسپنسری، راجندر اپورم کے پوسٹر کو بہترین پوسٹر کا ایوارڈ دیا گیا۔ ڈاکٹر عبدالوحید، ڈائرکٹر سنٹرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ آف یونانی میڈیسن انہیں یہ ایوارڈ پیش کرتے ہوئے۔۔۔

روایتی اور متبادل ادویہ پر انٹرنیشنل کانفرنس کا انعقاد

حیدرآباد۔ 24۔ دسمبر: (پریس نوٹ) Omies Group: امریکہ کی جانب سے روایتی اور متبادل ادویہ پر ایک انٹرنیشنل کانفرنس ہوٹل راڈیسن بلو پلازہ بنجارہ ہلز میں منعقد ہوئی جس میں بین الاقوامی مقررین نے اپنے مقالات پیش کئے۔ اس کے ساتھ ساتھ پوسٹرز کے مقابلہ بھی منعقد ہوئے۔ جس میں 90 پوسٹرز پیش کئے گئے۔ اس میں سے شہر حیدرآباد کے ڈاکٹر اطہر معین میڈیکل آفیسر گورنمنٹ یونانی ڈسپنسری راجندر اپورم کے پوسٹر کو بہترین پوسٹر کا ایوارڈ دیا گیا۔ انہوں نے کہنہ اور پیچیدہ امراض جلد میں یونانی دواؤں کی بہترین افادیت پر پوسٹر پیش کیا۔ ڈاکٹر عبدالوحید ڈائرکٹر سنٹرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ آف یونانی میڈیسن کے ہاتھوں ایوارڈ پیش کیا گیا۔